Class No. ....

Name : ....

2013

SECOND YEAR HIGHER SECONDARY
SECOND TERMINAL EXAMINATION DECEMBER-2022

Part–II

URDU

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 15 Minutes

Maximum : 80 Scores

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

1 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : **(7 × 1 = 7)**

1. انارکلی کا اصلی نام کیا ہے؟

2. پسندیدہ کسی ایک اردو رباعی گو شاعر کا نام لکھیے۔

3. ہندوستانی سنیما میں پہلی بولتی فلم کونسی ہے؟

4. ہیلن کیلر کی استانی کا نام کیا ہے؟

5. گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کسی ایک اردو شاعر کا نام لکھیے۔

6. فلم 'مغلِ اعظم' کا ہدایت کار کون ہے؟

7. شاعرِ مشرق کسے کہتے ہیں؟

8. ذیل کے جملوں میں سے ماضی کا جملہ چن کر لکھیے :

سلیم آم کھاتا ہے۔

سلیم نے آم کھایا۔

9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم دو جملوں میں لکھیے : (4 × 2 = 8)

9. صنفِ رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

10. مطلع اور مقطع میں کیا فرق ہیں ؟

11. پسندیدہ کسی دو غزل گو شعراء کے نام لکھیے۔

12. نیچے دیے گئے جملے سے فاعل اور مفعول الگ کرکے لکھیے :

سانپ نے چوہے کو پکڑا

13. فلم 'مغلِ اعظم' کا پسندیدہ کوئی ایک مکالمہ لکھیے۔

14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم چار جملوں میں لکھیے : (5 × 4 = 20)

14. فلم 'مغلِ اعظم' کا کونسا گیت آپ کو زیادہ پسند آیا ؟ کیوں ؟

15. منظرنامہ 'غالبؔ' میں غالبؔ بہت مایوس نظر آتے ہیں۔ ان کی مایوسی کی وجوہات کیا کیا ہیں ؟ لکھیے۔

16. پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر پر نوٹ لکھیے۔

17. فرض کیجیے کہ اردو کلب کے تحت آپ کے اسکول میں فلم 'مغلِ اعظم' نمائش کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔
اس کے لیے ایک نوٹیس تیار کیجیے۔

18. ہیلن کیلر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر طور پر لکھیے۔

19. نیچے دیے گئے شعر کا مفہوم لکھیے :

جستجو جس کی تھی اس کو تو نہ پایا ہم نے
اس بہانے سے مگر دیکھ لی دنیا ہم نے

20 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے : (4 × 6 = 24)

20. کسی ایک کردار پر نوٹ لکھیے :

[غالبؔ، رقاصہ، حاجی میر]

21. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں

22. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کی مقبولیت پر نوٹ لکھیے۔

23. چند لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اپنی زندگی دوسروں کے لیے صرف کرتے ہیں۔ ایسی ایک شخصیت کے بارے میں لکھیے۔

24. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

مٹی سے بنا ہے، دل کو تو سنگ نہ کر
ہر بات پر معترض نہ ہو، جنگ نہ کر
منظور اگر ہے جا دلوں میں اے دوست
بہتر ہے کہ دشمن کو بھی دل تنگ نہ کر

(3 × 7 = 21)　25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے :

25. اردو کے مشہور شاعر اقبالؔ کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں لکھیے۔

26. فلم 'مغلِ اعظم' کے کسی ایک کردار پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

27. آپ کی زندگی میں کئی تجربات ہوئے ہوں گے۔ کوئی ایک تجربہ بیان کیجیے۔

28. ''میں اردو کا شاعر ہوں میر صاحب۔ کسی ایک شہر کا نہیں اور اردو اس ملک کی زبان ہے۔'' بچّوں اردو زبان کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ لکھیے۔